Royal College of Anaesthetists


# اینیستھیٹک –
# ممکنہ خطرات اور مضر اثرات
# کانپنا

## اس کتابچے کے بارے میں
یہ کتابچہ **اینیستھیٹک کے بعد کانپنا** کے بارے میں ہے۔ یہ ایک مضر اثر ہے جو آپ کو جنرل یا ریجنل اینیستھیٹک لینے کے بعد محسوس ہو سکتا ہے۔ اس میں کانپنے کی وجوہات اور اس سے نمٹنے کے طریقوں کی وضاحت کی گئی ہے۔

آپ ہماری ویب سائٹ پر اینیستھیٹک کی مختلف اقسام کے بارے میں پڑھ سکتے ہیں جو یہاں مختلف زبانوں میں دستیاب ہے:www.rcoa.ac.uk/patientinfo/translations#languages۔

## کانپنا کیا ہے؟
- کانپنا جسم کا سردی محسوس کرنے پر قدرتی ردعمل ہے۔ کانپنا، جسم میں پٹھوں کو گرم رکھنے کے لیے تیزی سے سکڑنے اور پھیلنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔
- آپریشن کے بعد کانپنا بے آرامی کی بن سکتا ہے، لیکن یہ خطرناک نہیں ہوتا اور عام طور پر 20-30 منٹ میں ختم ہو جاتا ہے۔
- کانپنا، جسم میں زیادہ آکسیجن کی ضرورت کا سبب بن سکتا ہے۔ اس لیے آپ کو ماسک کے ذریعے اضافی آکسیجن کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

## اس کے ہونے کا کتنا امکان ہے؟
ہر 100 افراد میں سے



**تقریباً 15 افراد کو ہوئی** **تقریباً 85 افراد کو نہیں ہوئی**

یہ اعداد و شمار تحقیق کے مطالعہ سے حاصل کیے گئے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں:www.rcoa.ac.uk/patientinfo/risks/evidence۔

## اینیستھیٹک کے بعد کانپنا کیوں ہوتا ہے؟
- آپریشن تھیٹرز عام طور پر سرد ہوتے ہیں۔ سرجری کے دوران جسم کے کچھ حصے کھلے رہتے ہیں جس کی وجہ سے جسم کا درجہ حرارت کم ہو سکتا ہے۔
- بعض اوقات اینیستھیٹک دوائیں اور گیسیں جسم میں درجہ حرارت کو کنٹرول کرنے والے سگنلز پر اثر ڈالتی ہیں۔
- کانپنا، جنرل اینیستھیٹک کے بعد ہو سکتا ہے، لیکن جنرل اینیستھیٹک ایپی ڈیورل یا ریڑھ سے متعلق) کے بعد بھی ممکن ہے۔

## طبی دیکھ بھال کی ٹیم کیا کر سکتی ہے؟
آپریشن کے بعد کمرہ بحالی میں ایک نرس ہمیشہ ساتھ رہے گی۔ وہ آپ کے جسم کا درجہ حرارت کی پیمائش کرے گی اور آپ کو گرم کمبل یا کوئی گرم مشروب فراہم کرے گی۔
اگر اس سے فائدہ نہ ہو تو، عملہ آپ کو جسم کو گرم رکھنے والی دوائیں یا ورید کے ذریعے گرم سیال فراہم کر سکتا ہے۔

## میں خود کیا کر سکتا ہوں؟
آپریشن تھیٹر جانے سے پہلے جتنا ممکن ہو سکے خود کو گرم رکھنے کی کوشش کریں۔ اگر آپ پہلے سے گرم ہوں گے تو آپریشن کے بعد ٹھنڈ محسوس ہونے کے امکانات کم ہوں گے۔
اگر آپ کو سردی لگ رہی ہو تو نرسوں کو بتائیں تاکہ وہ آپ کو کمبل دے سکیں۔

آپ اسپتال میں پہننے کے لیے گھر سے گرم کپڑے اور چپل لا سکتے ہیں۔

### جاننے کے قابل باتیں

اگر اینیستھیٹک کے بعد آپ کو کانپنا ہوا ہے تو، اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ کے ساتھ آئندہ کسی اینیستھیٹک کے دوران بھی ایسا ضرور ہو گا۔

## اظہارِ لاتعلقی

ہم اس کتابچے میں دی گئی معلومات کو درست اور اپ ٹو ڈیٹ رکھنے کی بہت کوشش کرتے ہیں، لیکن ہم اس کی ضمانت نہیں دے سکتے۔ ہم یہ توقع نہیں کرتے ہیں کہ اس عام معلومات سے آپ کے تمام سوالات کا احاطہ کیا جائے گا یا ہر اس چیز سے نمٹا جائے گا جو آپ کے لیے اہم ہو سکتا ہے . اس کتابچے کو بطور رہنما استعمال کرتے ہوئے، آپ کو اپنی طبی ٹیم کے ساتھ اپنے انتخاب اور کسی بھی پریشانی کے بارے میں بات کرنی چاہیے . اس کتابچے کو خود سے مشورہ نہیں سمجھا جانا چاہئے - اسے کسی تجارتی یا کاروباری مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا . مکمل دست برداری نوٹ کے لئے، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔ (www.rcoa.ac.uk/patient-information/translations/urdu)

تمام ترجمے Translators Without Borders کی مترجم برادری کی طرف سے فراہم کئے جاتےہیں۔ ان ترجموں کا معیار ہر ممکن حد تک صحیح رکھنے کے لئے جانچا جاتا ہے، لیکن پھر بھی چند معلومات کی غلطیوں اور غلط تشریح کا خطرہ رہتا ہے۔

### ہمیں اپنے خیالات سے آگاہ کریں

ہم اس کتابچہ کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں

اگر آپ کے پاس کوئی تبصرہ ہے جو آپ کرنا چاہتے ہیں تو ، براہ کرم انہیں ای میل کریں: patientinformation@rcoa.ac.uk

**Royal College of Anaesthetists**

چرچل ہاؤس، 35 ریڈ لائن اسکوائر، لندن WC1R 4SG

# www.rcoa.ac.uk

چھٹی اشاعت، نومبر 2024

اشاعت کی تاریخ کے تین سال کے اندر اس کتابچے کا جائزہ لیا جائے گا۔

**Royal College of Anaesthetists 2024 ©**

یہ کتابچہ مریض کے لئے معلوماتی مواد تیار کرنے کی غرض سے نقل کیا جا سکتا ہے۔ براہِ مہربانی اصل ماخذ کا حوالہ دیں۔ اگر آپ اس کتابچہ کا کچھ حصہ کسی اور اشاعت میں استعمال کرنا چاہتے ہیں تو، مناسب اقرار کیا جائے اور لوگو، برینڈنگ اور تصاویر کو ہٹا دینا چاہیے۔ براہِ مہربانی مزید معلومات کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔